طرح معلوم ہوا کہا سرکار ہم کو ہی کہاں کل عالم مدار کے اسم کا ورد کر رہا مدار ہی کل عالم کا مدار اسی کو محور کر کے عالم اس کے گرد گھوم رہا۔ اے مدار ہمارے ہمراہ آؤ سرکار اس کے ہمراہ رواں ہوئے اک سُدمرا اور طرح المحل دکھا اور وہ دارالسلام اور ارم سے عمدہ لگا اس محل کے ارد گرد ملک گروہ در گروہ گھوم رہے محل داری کر رہے وہاں کا ماحول عطر آلود ہوا عاطر عاطر، طرح دار محل کا سماں لمعہ لمعہ ہے۔ سرکار مدار محل کی سو ہوئے حکم ہوا اے مدار ادھر آؤ سرکار مدار درس کر کے سر گرداں رہ گئے اک طوٗ اس رکھی ہے دو عالم کا حکمراں ہے سرکار مدار کو حکم دے رہے کہ ادھر آؤ سرکار مدار آ گے گئے اور رسول گرامی کے صدر مطہر و مکرم سے لگ گئے صدر عاصم سے لگے رہے۔ اور سارے کے سارے عالم کا علم حاصل ہوا ساوی علوم کے در کھل گئے اور رسول اللہ کے گرد کھڑے رہے طاس ارم لئے ہوئے گردوں سے ملک کی آمد ہوئی اور سرکار دو عالم ہادی اکرم کے رو در کھا ردا سے ڈھکا ہوا طاس سرکار دو عالم صلی اللہ علی محمد و آلہ وسلم کھول کر درع ارم اٹھائے اور سرکار مدار کو اڑھا دئے حلہ دارالسلامی اڑھا کر اک کم دس کول طعام ملکی کے کھلائے سرکار مدار طعام و حلہ ورع سے صمد ہو گئے آلا راسی ہو گئے اور سرکار مدار مسرور ہو کر کہا اٹھے عالم اک سحر کا اور ہم اس کے صائم ہماری عمر اک سحر کی ہم اس کے صائم اس طرح سرکار مدار دائم الصوم ہو گئے سرکار دو عالم صلی اللہ علی محمد و آلہ وسلم روئے مدار سے کر مطہرہ مس کر کے کہہ رہے اے مدار مکمل ہو گئے ادھر مدار کا روئے عالی اس طرح دمک اٹھا گو کہ مہر و مہ ہوا اور اس طرح دمک اٹھا کہ اگر اولاد آدم کو دکھے وہ اللہ کے آگے گر کر حواس کھو دے اسی لئے سرکار روئے عالی کو اک کم آٹھ سارہ سے ڈھکے رہے اور درع مکمل عمر کے لئے ہوا کہاں دھلا؟ کہاں کٹا؟ کہاں گلا؟ سرکار مدار وہاں سے مکمل ہو کر ہمارے ملک کی سو رواں ہو گئے راہ

کے ہرالم ہر دکھ درد کو سہ کر اور اس سے روح و دل کو مرصع کر کے آئے اس لئے کہ اس راہ کا الم آگے کے لئے رکاوٹ اور سدراہ سے الگ رہے اور اس امر مسلم کا ہر ادوار وعہو د حامل و حامی رہے۔

آمد اول

ساری راہ حمد الٰہی اور درود وسلام سے طے ہوئی دو سو اسی کی سال طلسمی ملک آگئے سرکار مدار کی آمد سے اس ملک کا حصہ اماں والا ہوا سرکار کی آمد اول اس ملک کے لئے سر وا علام ہوئی اور اس ملک کے اک مصر سے اول اول ہدیٰ کا کام کر رہے اس ملک کی ہر سو حرص و حسد و طمع لوٹ مار اور ماسوا اللہ کی مدح ہو رہی اس مصر کا ملک گمراہ و بادم اسلام اور مٹی و مرمر کو الٰہ کہہ رہا سرکار مدار اسکی گمراہی سے مطلع ہوئے سرکار مدار اس کو علم و عمل کی راہ دکھا رہے اللہ کی الٰہی کا دعویٰ کر رہے وہ ملک سرکار کے کلام سے اوک مسرور ہوا اور اس امر مسلم کے آگے سر نگا کے کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ کر مسلم ہوا سرکار مدار کی درگاہ کرم سے اسے آور کا اسم ملا وہاں اسلام کا کام مکمل کر کے لوگوں کو مسلم کر کے مٹی و مرمر کے الٰہوں کو مٹا کے دو سو اسی اور دو کی سال ملک کی سو رواں ہو گئے اور سارے ملک کے کاول ہو گئے اور اس ملک کے ساحروں، اور گھڑوں سادھوؤں اور رمال کو اسلام کی راہ دکھائی اور لا علم لوگوں کو اسلام کا درس دے کر اللہ واحد کا کلمہ لوگوں کو سکھا کر حامی عمل محمد رسول اللہ ہوئے۔ مصر مصر، گاؤں گاؤں، گلی گلی، گھر گھر اسلام کی راہ لوگوں کو دکھائی لوگوں کو اللہ سے ڈرا کر اسلام کے احکام سکھائے سرور و الم سے سرد و کرم سے ٹکرائے ہر طرح سے سعی کی اور لوگوں کو اسلام والا کر کے سوئے مکہ مکرمہ رواں ہو گئے راہ کے سارے امصار والوں کو مسلک واحد کا راہی کر کے آگے رواں ہوئے۔

---

(۱) ہندوستان (۲) مسند (۳) [illegible] (۴) سرکار مدار نے اس کو مسلمان کر کے [illegible]

احرام دوم

مکہ مکرمہ آئے موسم ارادہ ہے لوگ دار اللہ کی سو آ گئے سرکار مدار احرام اوڑھ کر سر کھول کر دار اللہ کے گرد گھومے اور رمل ادا کئے مصلی معمار دار اللہ کے مکمل احکام ادا کئے مردؤ کو مر مر مارے مرمراسود کو مس کر کے کل عالم کے لئے دعا کی حرم کے سارے احکام ادا کئے اور اک عرصہ وہاں رک کر اللہ سے دعا کر کے ماحصل اور مدعائے دعا حاصل کر کے حصول مرام اور مطمح ملا اور وہاں سے دارالسلام کو رواں ہو گئے ہر مرحلہ سے ٹکرا کر ہر الم کو اٹھا کر راہ کی رکاوٹوں اور روک کو اور ٹھکرا کر معمورہ رسول دارالسلام آ گئے۔

درگاہ رسول اور مدار

سرکار مدار مکہ مکرمہ کے سارے احکام وعمل ادا کر کے دارالسلام آ گئے سرکار دو عالم صلی اللہ علی محمد وآلہ وسلم کی درگاہ کرم سے کرم کی آس لگا کر احساس محرومی دور کی اور محو درود وسلام ہو گئے لحد رسول کی عطر آلود ہواؤں سے صدر مہک اٹھا روح کو سرور عطا ہوا اور رسول کے لمعوں سے دل دمک اٹھا سارے اسرار کھل گئے ہر لا معلوم علم کا ادراک ہوا اور رسول سے گہر الگاؤ رکھ کر محو درود وسلام ہو گئے۔ اک سحر کو محو درود وسلام ہوئے لحد عالی سے سرور عالم کے روئے عالی کے لمعوں کی آمد ہوئی ہر در ودمسام دمک اٹھے رحم وکرم کے سارے آ گئے عدم واسطہ سرکار دو عالم صلی اللہ علی محمد وآلہ وسلم کا درس کر کے حواس کھو گئے ساری عمر کا ماحصل ملا ساری دعا مکمل ہوئی اور مراحل طے ہو گئے سرور سروراں سالار عسکر اسلام کا حکم ہوا کہ اے مدار اسی ساحروں کے ملک کو رواں ہو۔ وہاں علم وعمل کے گوہر لٹا ؤ سرکار مدار کا ارادہ ہوا کہ ساری عمر درگاہ

رسول سے مدعا ملے مگر سرکار مدار کے ارادوں سے صدموں کے کوہائے گراں ٹکرا کر ٹوٹ گئے سرکار مدار حکم عدولی کس طرح کرے اس لئے حکم رسول کے محکوم ہو کر صدر کو لمعہ رسول سے معمور کر کے گاؤں کو رواں ہو گئے۔

گاؤں آکر اہل گاؤں سے ملے

دارالسلام سے لوٹ کر دوسرے ممالک کا دورہ کر کے گاؤں آگئے گاؤں والوں کے احوال سے مطلع ہو کر مسرور ہو گئے۔ والدہ اور والد سے مل کر سارے احوال کہے اور احوال والدہ کے سامع ہوئے والدہ گرامی رواسی ہو کر کہہ رہی کہ اے مرے لال کوئی الم مسلط ہو کوئی دکھ ملے کوئی مارے کوئی سرگرداں کرے کوئی کوڑا اڈالے کوئی سدراہ کرے مگر کوہسار کی طرح کھڑے ہو کر اسلام کے حامی و مددگار ہی رہو گے ماں کو گوارہ ہے کہ لاڈلے کی دوری کا صدمہ اٹھا کر اسلام کی مطہرہ وطاہرہ صالحہ ہو کر اسلام کی رگوں کو لاڈلے کے لہو سے مدام اعلائی دے دے اس لئے مدار ہراس وملال کو دور کر کے اسلام کا کام کرو اللہ مدد کرے گا ماں کی دعا ہمراہ لئے رہو اللہ عالم ولا کا اعلیٰ سے اعلیٰ عہدہ عطا کرے رسول گرامی اور اس کی آل کے وسائل کے واسطہ سے۔ سرکار مدار اک عرصہ طول والد اور والدہ کے احکام کے محکوم رہے اور اردگرد کے گاؤں والوں کو راہ ہدیٰ دکھا کر سعودی کے اردگرد ممالک کے دورے کو رواں ہوئے اٹلی، روم، مصر، حمص، حلاط کا دورہ کر کے عوام کو اللہ احد کی راہ دکھائی اور ہر مصر کے گاؤں گاؤں، گلی گلی لوگوں کو اسلام کے امور سے آگاہی کرا کے لوگوں کی گمراہی مٹائی سالار عسکر اسلام کا عسکری کر کے ہر عہد ہر دور کے لئے اسلام کی راہ ہموار کی مردود کی راہ مسدود کی اسلام کا کام اسطور سے ہوا کہ عرصہ ٔ کم ہی مٹی ملاحد مر مٹے لاعلمی مٹی اور عالم کے ہر سو سے اللہ احد اللہ احد کی صدا اٹھی۔

(۱) قصبہ چنار

آمد دوم

مروی ہے کہ سرکار سرکاراں مدار عالم اس ملک کے اردگرد کے ممالک کا دورہ مکمل کر کے طلسمی[1] ملک ساحروں کے ملک آئے اور اس ملک کے اک مصر کے کوہسار کو کلہ کو آرام گاہ کر کے اللہ واحد کی حمد کر رہے اور محو درود وسلام ہوگئے اور کوہ کو کلہ سے ہی اللہ کے دھرم اسلام کا کام عمدہ طور سے آ کر رہے مگر گمراہوں کو حرص و طمع اور حسد کی آگ سلگا گئی اور راکھ کرگئی ہادم اسلام عدو مدار ہوکر مدار سے دور ہو گئے سرکار مدار لوگوں سے معلوم کر رہے کہ لوگ ہم سے دور کس لئے ہو گئے اور اس امر کی مکمل اطلاع کے لئے سرکار مدار کوہ کو کلہ سے صدا دے رہے اے لوگوں ہمارے گرد اکٹھا ہو ہم لوگوں کی اصلاح کے لے آئے لوگو ہم سے مرمم ہو ہم سے دور کس لئے ہوئے اور عدو کس لئے ہو گئے ہم سے سارے معاملہ حل کراؤ ہم اسی لئے ہی آئے لوگ سرکار کے گرد آ آ کر اکٹھا ہو گئے ۔ اے لوگوں اللہ سے ڈرو وہ اک ہی ہے اور ہر اک مدح اسی کو روا ہے وہ دائمی ہے اور مدام رہے گا ماسوا اللہ مٹا ہے اور مٹ کے رہے گا سرکار دوعالم صلی اللہ علی رسولہ وسلم کی اطاع کرو اس لئے کہ اس کی راہ کے راہی سے اداسی اور ہر صدمہ دور رہے گا اور دور سے سلام کرے گا۔

مُردوں[3] سے صدائے اللہ احد

وہ لوگ اکٹھا ہوکر سرکار مدار کے گرد اکٹھا ہوئے اور ہم کلام ہوئے اور کہا کہ سرکار عالی ہم لوگ کس لئے اسلام کے حامی و عامل ہوں اور راہ اسلام کے عامل ہوں اور کس لئے احکام اسلام کے لئے آمادہ ہوں کہ اس سے اوائل ہمارے ہاں مسلموں

(۱) ہندوستان (۲) اجمیر شریف (۳) اس جگہ شبیہ ہے مردہ بوجہ مجبوری تھا ہے ورنہ شہیدوں کو مردہ گمان کرنا بھی حرام ہے نعوذ باللہ من ذالک

کے عساکر آئے اور ہاں کی عوام کے لئے آلام کے کوہسار کھڑے کر گئے اسی طرح
طرح طرح کے آلام سہ رہے اور اکدم کی مرگ سے کمھلا گئے۔ سارا معاملہ سرکار
مدار سے کہا اے مدار اک عرصہ ہوا داعی اسلام کا اک عسکر ہمارے ہاں آ کر رکا وہ
لوگ اسلام کے سارے مکارم اور اس کے عمدہ احکام سے لوگوں کو آگاہ کر رہے لوگ
اس عمل سے گروہ مسلم اور مسلک واحدہ سے ہو رہے ہم لوگ اس عمل سے اور امر مسلم
سے ہراساں اور حرماں ہو گئے کہ اگر مسلموں کا عمل مسلط رہا ساری عوام مسلم ہو گی
ہم لوگ حساد ہو گئے اور مسلموں سے معرکہ آرائی کی اک دوسرے سے ڈٹ کر لڑائی
ہوئی وہ عسکری ہم سے سوا مارے گئے اور ہم کم مارے گئے اور ہم لوگ معرکہ سر کر کے
گھر لوٹ آئے اور مسلموں کو اسی طرح ڈال آئے اس گھڑی سے مسلسل ہر مسا کو
اک صدا آ رہی اور اس ڈروالی صدا سے ہماری ماؤں کے مسلسل حمل گر رہے لوگ
مر رہے مرگ کے حوالہ ہو گئے سائم اور سائمہ مر رہے کم دل کے لوگ مر گئے ہمارا ہر
طرح سے گھاٹا ہوا اس لئے ہمارے مصر سے رواں ہوا اور اس کو وہ کوکلہ سے رواں ہو۔
سرکار مدار لوگوں سے ہم کلام ہوئے کہ اے لوگوں صدا آ رہی ہے اور مدام آئے گی
اور رکے گی کہاں؟ مگر ہاں صدا رکے گی اور وہ اس عہد سے سارے کے سارے
لوگ مسلم ہو گئے اور کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ دل کے مصمم ارادہ سے کہو گے اور ہادم اسلام
سے حامی اسلام ہو گے وہ لوگ کہہ اٹھے ہاں سرکار ہمارا اٹوٹ ارادہ ہے کہ ہم مسلم
ہوں گے مگر صدا رکے سرکار مدار وہاں سے اٹھے اور ہمدموں کو ہمراہ لے کر کہا کہ
آؤ اٹھو مردوں کے لئے دعائے رحم و کرم کر دو اور دور گور کر دو۔ ہمدم سرکار مدار کے
ہمراہ گئے اور مردوں کے لئے دعائے رحم و کرم کی اور سارے مردوں کو دور گور کر کے
سرکار مدار لوٹ آئے اور اسی مسا سے صدا رک گئی لوگ سحر کو اکٹھا ہو کر اک دوسرے

سے ہم کلام ہوئے کہ صدا آئی ! صدا آئی !! صدا آئی !!! معلوم ہوا کہ صدا رک گئی۔
سرکار مدار کا کرم ہوا کہ ہمارے سر سے آلام کے کہسار ہٹ گئے اور ہم لوگوں کو عمدہ
طرح کی عمر عطا کردی گئی سارے لوگ مسرور ہوئے، مسکرائے، کھل اٹھے۔

دوسری سحر کو سرکار مدار کا حکم ہوا اے لوگوں ! آؤ وعدہ مکمل کرو لوگ اکٹھا ہوئے
اور اکٹھا ہوکر سرکار کے گرد اکٹھا ہوئے سرکار مدار ہم کلام ہوئے اے لوگو وعدہ مکمل کرو
اس کلام سے آدھے لوگ روگرداں ہوگئے ہٹ دھرم ہوئے روٹھ گئے اور وعدہ سے
مکر گئے مگر آدھے لوگ کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علی رسلہ الکرام کہہ کر مسلم
ہوگئے اور مسلم ہوکر سرکار مدار کے سلسلہ کے اہم عہد لے کر سرکار کے اہم داعی سلسلہ
ہوگئے اور ملک کے ہر حصہ کو اسلام کے سرمائے سے مالا مال کر رہے سرکار مدار مسلسل
لوگوں کو اسلام کا گوہر عطا کر رہے گھر گھر، گلی گلی، گاؤں گاؤں، مصر مصر، ملک ملک اسلام
کے گل کھلائے مردہ دلوں کو روح عطا کی دردر کے ماروں کو مرہم عطا ہوا سرکار مدار کو ہر
کسوٹی سے کسا، دکھ، درد، لوگوں سے ملے الم اٹھائے اور مسلسل مسکرائے اور مدار کی
مسکراہٹ سے عالم مسکرا اٹھا اور مدار دکھ سے اٹھا کر دعا دے رہے اور کردار رسول امی کو
معمول رکھا اور لوگوں کی اصلاح کو دائمی رکھا اور ملک کے ہر حصہ کو اسلام دے رہے ہر سو
عَلَم اسلام لہرا رہے اکدم سرکار مدار کا دل ہراساں اور اداس ہوا ہمدم اور داعی سلسلہ ہم کلام
ہوئے سرکار عالی کس لئے اداس ہوگئے اور کس لئے رودئے سرکار مدار اس طرح ہم
کلام ہوئے اے ہمدموں ہم اس ملک سے رواں ہوکر سرکار دوعالم صلی اللہ علی محمد و آلہ
وسلم کی درگاہ کرم کی سو رواں ہوں گے اس لئے کہ گھر سے دور والد و والدہ سے دور، درگاہ
رسول سے دکھوں کا مرہم ملے گا اٹھو اور مکہ مکرمہ کی سو رواں ہو۔

احرام سوم

سرکار مدار الگ الگ ممالک کا دورہ مکمل کر کے سوئے مکہ مکرمہ رواں ہو گئے راہ کے سارے ممالک کے ہر ملک اور ہر سرحد سے ہو کر اسلام کی راہ گمراہوں کو دکھا کر گوہر اسلام لٹا لٹا کر مکہ مکرمہ آ کر حرم آ گئے دار اللہ کے گرد گھومے رمل کئے، مسعی گئے سعی کی مردود کو مرمارے سارے احکام دل کی عمدگی سے ادا کئے اور در گاہ رسول اکرم کا وہم کر کے اس طرح کھوئے کہ حواس کھو گئے۔

اک صدائے الہامی اٹھی کہ اے احمد اٹھو احمد دو عالم کے مصر کو رواں ہو اور رو رو کر مدعا حاصل کرو سرکار مدار وہاں سے اٹھے اور دار اسلام کی راہ لی راہ طے ہو رہی ہے اور دل کا احساس کم ہو رہا ہے اور در گاہ رسول آ گئے اور محو درود و سلام ہو گئے سارے سارہ ہٹ گئے اسرار کھل گئے اور حاکم و محکوم رسول اور مدار اک دوسرے کے رو در رو ہو گئے حکم ہوا کہ اے مدار طلسمی ملک کو رواں ہو اس ملک کے لوگوں کو راس المال سے مالا مال کرو اس ملک کے ہر حصہ کو اسلام والا کرو سرکار مدار ہادی دو عالم رسول اکرم صلی اللہ علی محمد و آلہٖ وسلم سے لمعہ حاصل کر کے مولا علی کی لحد کی سو رواں ہو گئے۔ مولا علی کرم اللہ کی لحد عالی اطہر و مطہر کے گرد کھڑے ہو کر گوہر سلام اور گلہائے درود لٹائے مولا علی کے وسائل سے علم اسرار کا کمال حاصل کر کے اور عالم والا کے سردار ہو کر کامل الاکمل ہو گئے اور اک عالم کو ہوائے کوئے علی سے معطر کر ڈالا اور مولا علی کا سارا علم سرکار مدار کے لئے مرہم درد ہوا سرکار مدار اک عرصہ وہاں ٹھہرے رہے اور مولی علی کے لاڈلے ہو گئے۔ اور مولی علی کی لحد آ کر مصرعے کہے'

علی کا ہلال کی طرح رو اللہ کے کلام کا سارہ ہے اور ہمارے لئے علی کا رو کلام الٰہی ہے اگر ہم کو ارم ملے کسی طرح طلوع کہاں ہوں گا مسرور کہاں ہوں گا ہمارے لئے

سرِ قرآن است اے علی ۔۔۔ مصحف رشد مراد ۔۔۔ علی ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔ شد مراد کوئے علی

ارم کوئے علی ہے۔ مولا علی کی درگاہ سے علوم اسرار حاصل کر کے اک دوسرے مظہر کو رواں ہو گئے۔

دھوم دھام

اس مصر کی ہر سو سرکار مدار کی آمد آمد کی دھوم دھام ہے لوگ عرصہ سے اس موعد کے مومل رہے اس موعد سعد کی آمد آمد سے لوگ حد سے سوا مسرور ہوئے اور مومل رہے کہ سرکار مدار کی راحلہ ہمارے گھر کے گرد رکے اور سرکار مدار ہمارے گھر کو لمعہ الٰہی سے دمکا دے اور ہماری دعاؤں کو مدعا ملے ہم لوگ دلی مرادوں کے گل حاصل کر کے مکارم حاصل کرے۔ اور ہر اک کے دل سے صدا اٹھی اور وہ دعا گل کھلا گئی اور دلی مرادوں کی سحر ہوئی لوگ سرکار مدار کی آمد کا ولولہ اسمع کر کے دل کی گہرائی سے مسرور ہو گئے۔ سرکار مدار کی آمد ہوئی سارا مصر دمک اٹھا اور آلام کے کوہائے گراں سر ہو گئے ہر محلہ کے لوگ آ آ کر گرد مدار اکٹھا ہو گئے۔

اور سرور حاصل کر رہے لوگوں کو وہ سرور ملا کہ اس سے اول اس طرح کا سرور کہاں ملا ہوگا اس طرح کے سرور سے عرصہ کی حس مٹی اور علم وعمل حلم وعدل کی صدہا سال سے لگی ہوئی گرہ کھلی اور ہر آدمی کا سودہ سرکار مدار کی مدح سے مہک اٹھا اور دل کا دگرگوں عالم عمدہ ہوا سرکار مدار کا ہر گام درد کے ماروں کو آلام سے دور کر رہا آلام سے گھرے ہوئے لوگوں کو آس لگ گئی کہ سرکار مدار کے کلام ودعا سے ہماری احساس محرومی مٹے گی سرکار مدار کی آمد سے اوائل لوگوں کو آس لگی کہ کدھر سے ماہ کامل طلوع ہوگا اور کدھر ٹھہرے گا کس کا گھر کرم الٰہی سے مکرم ہوگا سرکار مدار کی راحلہ، سواری کدھر رکے گی اور کس کا حصہ صعود ہوگا اور اسی سرور کے لوگ مومل رہے مال کار سرکار مدار کی سواری آ گئی لوگ آ آ کر سرکار مدار کے

(۱) بغداد شریف

گرد اکٹھا ہوئے سارے مصر کو دمکا کر سرکار مدار ٹھہر گئے لوگ کارواں در کارواں آ ئے
اور سلسلہ مدار کے داعی ہوئے سرکار مدار سلسلہ وار لوگوں کو عہدے عطا کر رہے اہل اسلام
کا معاملہ کئی سحر اسی طرح رواں رہا۔ لوگ ساری عمر کے دکھوں دردوں کا مداوا حاصل
کر رہے سرکار مدار لوگوں کی مرادوں کے سامع ہو کر مدعا عطا کر رہے لوگ مدعا حاصل
کر رہے ہر سو صدا ہے کہ مدار سائل کے سوال سے سوا عطا کر رہے۔

لاولد کو اولاد عطا کی

ادھر ولی کامل سردار ولا محی الملل والاسلام[1] کے والد گرامی کی لڑکی[2] لاولد ہے اس
لاولد کو اطلاع ملی کہ سرکار مدار کا در عطا کھلا ہوا ہے لوگ مرادوں کو حاصل کر رہے
اور اس حد سے کوئی سائل محروم کہاں لوٹ رہا؟ ہر سائل کو اس کے سوال سے سوا مل
رہا وہ لاولد سرکار مدار کی درگاہ آئی اور کہا سرکار! ہماری گود اولاد سے معمور کر دو سرکار
ہماری گود کو ہرا کر دو ہم آس لگا کر آئے ہماری روداد الم اسمع کر کے ہماری گود کو لعل
و گوہر سے مالا مال کر دو۔ سرکار ہماری گود اولاد کی مسکراہٹ سے !!! کہہ کر رو دی
اور سسکی کا کارواں رواں دواں ہوا سرکار مدار کہہ رہے کہ محی الاسلام سے کہو کہ دعا
کر دے۔ کہا سرکار ہم کئی سال سے مسلسل دعا کر رہے مگر دعا ہے کہ مرحلہ عطا سے
ٹکرا کہاں رہی محی الاسلام کی دعا رد ہو رہی عود ہو رہی لوٹ رہی اور مدعا حاصل ہی
کہاں ہوا محی الاسلام کہہ رہے کہ اولاد ہمارے حصہ کی کہاں ہے اگر مدار دعا کر دے
اولاد ملے گی اس لئے احساس محرومی لے کر لوٹ آئی معلوم ہوا کہ سرکار مدار لوح
و کرسی کو محو کر دے اور حکم الٰہی سے لکھا مٹا دے اس لئے اے مدار ہر دو عالم لاولد
کھڑی ہے اس کی گود اولاد کی کاوئی ہے سرکار مدار لوح کی سو سر اٹھا کر کہہ رہے اے

(۱) حضرت سیدنا غوث الاعظم جیلانی (۲) بی بی نصیبہ جو کے غوث پاک کی بہن تھیں

لاولد نہی ہے کہ اولاد حطفہ سے وراہے مگر ہماری دعا سے اللہ دولڑکے عطا کرے گا
اول لڑکا ہمارا محکوم ہوگا اور دوسرا لڑکا ہمارا کہاں ہوگا دولڑکوں کی مسکراہٹ سے گھر
کھل اٹھے گا وعدہ کرو کے حکم عدولی سے روگرداں ہوگی وہ لاولد کہہ رہی ولا عاصی
لک امرا سرکار واللہ حکم عدولی سے روگرداں ہوکر وعدہ مکمل کر کے مسرور ہوں گی۔
سرکار مدار اس صالحہ کے لئے دعا کررہے اے اللہ اس لاولد کو اولاد صالح عطا
کردے سرکار مدار کی دعا سے وہ صالحہ کو ہر مراد لے کر گھر لوٹ گئی سرکار مدار اک
عرصہ اور وہاں ٹھہر کر ہدی کا کام مکمل کر کے دوسرے ملک کی سورواں ہو گئے۔

سوکھی لکڑی ہری ہوگئی

سرکار مدار اس مصر سے دوسرے ملک[2] آ گئے سرکار مدار کی آمد سے اہل اسلام مسرور
ہو گئے صدہا صدلوگ اہم عہد لے کر داعی سلسلہ ہو گئے سرکار مدار کے ہر گام کی مٹی اس
ملک کے لوگوں کی دوا ہوئی سسکی ہوئی روح کو ہوائے کوئے مدار ملی اور دم آ گئی اور اس
ملک کے لوگوں کی عوامی گمرہی مٹی رہ رو راہ رسول اکرم ہوئے اور گل ولالہ کی مہک
سے سارا ملک معطر ہوا لاعلمی کی ردا ہٹائی دور علمی کی لہر آئی لوگوں کو گروہ در گروہ اکٹھا
کر کے اسلام کا درس دے رہے مسلموں کو سلوک کے مراحل طے کرائے اور عوام سے
کہہ رہے کہ اے لوگوں اللہ سے ڈرو وہی مرگ کا مالک ہے وہی ہوا کا مالک ہے اور وہ
اک ہے والھکم اله واحد لااله الا هو عماد اسلام کھڑا کرو ماہ کامل کے صوم رکھو
اگر مال ہے اللہ کے لئے لٹاؤ دار اللہ کے گرد گھومو اللہ سے لو لگاؤ اسی سے سارے
مسائل کا حل کراؤ اللہ مددگار ہے اس کے احکام کو کرو اللہ سے مدد حاصل کرو وہی ہر
حال وکمال کا مالک ہے اللہ ہی کے کرم کی گھٹا مراد والا کرے گی دل کا طہر اصل

(۱) اولاد قسمت میں نہیں ہے (۲) ایران

الاصول ہے۔اور اللہ کے رسول صلی اللہ علی محمد وآلہ وسلم کے احکام مکمل طور سے ادا کرو
وہی رسول مداوائے الم ہے اسی سے مدعا کہو اسی کی راہ لو اسی کی دعا لو اسی رسول کی عطا
سے ولی ہوگے۔اے لوگو والد اور والدہ کو سکھ دو آرام سے رکھو دکھوں سے دور رکھو والد
اور والدہ کے لئے عمل مسعود کرو ہر لمحہ سکھ دو والد اور والدہ کے وسائل سے اللہ عطا
کرے گا کلام مدار سے لوگوں کی مرمم ہوئی۔مروی ہے کہ اسی لمحہ اک آدمی کی آمد
ہوئی کہا کہ کس لئے اکٹھا ہو کوئی مہم ہے؟ لوگ کہہ رہے کہ ہمارے لئے سرور ہی سرور
ہے کہ مدار ہم کو اللہ کی راہ دکھا رہا ہے اس لئے ہم لوگ اکٹھا ہو کر اسمع کر رہے وہ کہہ رہا
کہ مدار ولی ہے؟ اگر ولی ہے سو وہ روکھا روکھ ہرا کردے وہ لکڑی ہری کردے وہ سوکھا
ہوا گری کا عماد ہے اس کو ہرا کر کے دکھائے ہم ولی اللہ کہہ کر اسلام والے ہوں گے
سرکار مدار کہہ اٹھے اے گری کے عماد اللہ کے حکم سے معاً ہرے ہو وہ روکھا روکھا اکدم
ہرا ہوا اور گری کے گولے لٹک آئے۔وہ آدمی اس معاملہ اور امر مسلم سے حائر ہوا کہ
صد ہا سال اوائل آگ سے سلگا ہوا عماد اکدم ہرا ہوا اور گری کے گولے لٹک آئے وہ
آدمی کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ کر مسلم ہوا سرکار مدار اس لکڑی کے امر مسلم سے
لوگوں کو آگاہ کر رہے کہ اے لوگو اگر اس سے گری کے گولے کاٹو گے مرگ کے حوالہ
ہوگے سرکار مدار اس سے ہم کلام ہوئے کہ "ولی" اللہ کی عطا اور رسول کے کرم سے
ہوگا ولا کا دارومدار اعمال صالحہ ہے۔

دعائے مدار سے محی الاسلام عمدہ ہوئے

مروی ہے کہ سرکار مدار دوسرے ممالک کا دورہ مکمل کر کے طے کر کے اسلام کے
گلہائے سلم کھلا کر محی الاسلام کے مصر آگئے سرکار مدار کی دوسری آمد سے ہر گلی، ہر محلہ

(۱) ناریل کا ایک پیڑ جو عرصہ سے بجلی کی زد میں آچکا تھا وہ صرف ایک سوکھا ستون بن گیا تھا جس کے بارے میں کوئی یقین نہیں جانتا تھا کہ یہ پیڑ کس کا

کے لوگ اکٹھا ہوکر سرکار مدار سے اسلام کے احکام اسمع کر کے اس کے عامل ہو رہے ہر گلی، ہر محلہ لمحہ مدار سے دمک اٹھا لوگ آ آ کر مرادوں کے لعل و گوہر حاصل کر رہے دعاؤں کا سلسلہ رواں دواں رہا اسی طرح دوسری آمد دکھوں کے مارے ہوئے لوگوں کے لئے مداوائے الم رہی سرکار مدار کی درگاہ کرم سے ہر سائل مراد لے کر لوٹا اور عمر کی کڑواہٹ دور کی۔ ادھر سردار ولا محی الاسلام کا اسم اللہ کے ورد سے اس طرح حال ہوا کہ اگر سوئے سما سر اٹھا طائر سلگ کر راکھ ہوئے اگر گھاس دکھی سوکھ کر لکڑی ہوگئی اگر ما کی سو سر اٹھا کھول کھول گرم ہوا اگر آدمی دکھا اسی لمحہ مرا سرکار محی الاسلام اس حال سے ہراساں ہوگئے اور عوام سے دوری کی سعی کی اور مدام سر لٹکائے رہے مگر سعی کارگر کہاں ہوئی مسلسل گم ہوگئے محو ہوگئے سرکار مدار کو محی الاسلام کے اس حال کی مکمل اطلاع ملی سرکار مدار وہاں گئے اور کہا کہ اے محی اسطرح کا حال کس لئے ہوا ہم کو مطلع کرو وہ کہہ رہے کہ سرکار عالی ہمارا حال اسم اللہ کے ورد سے ہوا ہم کو اولاً معلوم ہی کہاں ہوا دوم ہماری سعی و کاوش سے ہٹ ہی کہاں رہا سرکار مدار کہہ رہے کہ اے محی رسول اکرم ہادی دو عالم کی اولاد سے ہو اور دائمی اس طرح کے حال سے دور رہو۔ سرکار محی الاسلام کہہ رہے سرکار مدار ہمارا دائمی معاملہ اسی طرح کار رہا کہ ہم مدام اس حال سے دور ہو کر طرح دار ہوں لاکھ سعی کی مگر معاملہ ہٹ ہی کہاں رہا ہے سرکار مدار عالم کرم کر دو ہمارا حال دگرگوں ہے سرکار مدار ہم کلام ہوئے اے محی ہماری سو سر اٹھاؤ سرکار محی کا سر اٹھا سرکار مدار روئے عالی سے سارہ ہٹا کر کہہ رہے اے محی سر اٹھا محی کا سر اٹھا کہ حواس کھو گئے محو ہوگئے سرکار مدار کے روئے عالی ہے لمعے رسول اکرم دکھا سارا معاملہ سدھرا سہی ہوا محی کے حواس لوٹے روداد سہی ہوئی اور اس طرح کہ کالعدم سرکار مدار کے کرم سے محی الاسلام

(۱) حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ پر اسم اعظم کے ورد سے جلالت طاری ہوگئی تھی۔

سدھر گئے سرکار مدار کہہ رہے کہ اے مجی ادھر ادھر سر اٹھاؤ مجی محورائی ہو گئے طائر اسی طرح حی رہے گھاس اسی طرح ہری رہی مااسی طرح سر دربامدار کے کرم سے مجی سدھر گئے اوراس طرح مجی کوروح مدار سے مراد حاصل ہوئی اور سرکار مدار سے روحی دوا حاصل کر کے اس طرح مجی مداری ہوئے اور دائمی عطائے مدار کے مدح گو رہے اور کہہ اٹھے کہ مدار ہی سردار ولا ہے۔

مردہ کو روح عطا کی

ادھر دس سال اوائل سرکار مدار کی دعا کا کمال ہوا کہ وہی لاولد اولاد والی ہوئی اور سرکار مدار کی دولڑکوں والی دعا مکمل ہوئی اس صالحہ کے ہاں دولڑکے ہوئے وہ حد سے سوا مسرور ہوگئی ساری عمر کی مراد اک سرکار مدار کی دعا سے کامل ہوئی اور ہر دکھ کی راہ مسدود ہوگئی اوراس طرح مسرور گوکہ سارے عالم کے لعل وگوہر مل گئے ہوں اور مل ہی گئے اس لئے کہ لاولد کو اولاد مل گئی گوکہ کل عالم کا راس المال ملا ہو اس صالحہ کو وعدہ کی اطلاع دی گئی کہ سرکار مدار سے معاہدہ طے کر کے مکر گئی وعدہ مکمل کرو کہ اول لڑکا دو اس صالحہ کا ارادہ ہوا کہ وعدہ کو کامل کروں اور اول لڑکا سرکار مدار کو دے آؤں دوسرا ہمارا رہے گا اس لئے وہ صالحہ اس لڑکے کا رودھلا کر سردھلا کر عمدہ حلہ اڑھا کر کھل لگا کر سرکار مدار کی سوروال ہوگئی مگر راہ سے ہی حوصلہ ٹوٹا ارادہ مٹی آلود ہوا گھر سے سڑک کی سوآئی کہ لوگ اردگرد اکٹھا ہو گئے محلّہ کے لوگ آگئے اور کہا کہ کہاں؟ اور کدھر کا ارادہ ہے؟" صالحہ کہہ رہی کہ مدار آگئے اور وعدہ مکمل ہوگا اس لئے کہ ہمارے ہاں مولود مسعود لڑکے مدار کی دعا کا صلہ ہوئے اور سرکار مدار نے وعدہ ہوا کہ اول لڑکا دوں گی اور وعدہ مکمل کر کے اللہ کے ہاں کامراں ہی رہوں گی۔ لوگ کہہ رہے کہ اے صالحہ رکو، ٹھہرو، ہمارا

سوال ہے کہ مدار کس مصر کے؟ کہاں گھر؟ کدھر رواں ہوں؟ دس دو دو سال اوائل آ کر آئے، کس کے لڑکے؟ کس کے والد؟ سحر کو ادھر؟ مسا کو ادھر؟ کل اس گاؤں کے ہوئے کل اس گاؤں کے ہوں گے اس مصر سے آئے اس مصر کو گئے ساری عمر گلی گلی، گاؤں گاؤں، محلّہ محلّہ طے ہو رہی اور عمر کا طول حصہ اسی طرح کوہسار و صحرا گلی گلی گھومے اور سمادھی لگائی اور آگے اللہ ہی کو معلوم کہ کہاں کہاں رکے اور کہاں لحد ہو اس لئے اے صالحہ کہاں کہاں لڑکے کو دھکے کھلائے گی عرصہ کی مکمل مراد کو اکدم کھودے گی عرصہ کی دعاؤں کا صلہ ملا ہے کس طرح صدمہ اٹھائے گی ارادہ رد کر دے اور مدار سے کہہ دے کہ اول لڑکا کوٹھے سے گر کر مرگ کے حوالہ ہوا دوسرا ہے وہ ہمارا ہے۔ اس طرح لڑکا دور کہاں ہوگا۔ حاصل کلام وہ صالحہ گمراہ ہوگئی اور ارادہ رد کر کے کسی کے کرم و احساں کو مکر گئی اور اللہ کے رحم و کرم سے دور ہو کر عاصی ہوگئی اور اسی عمل کا صدمہ ملا اس طرح مکر گئی کہ کوئی معاملہ ہوا ہی کہاں ہوا اور سرکار مدار کی درگاہ کرم کی سو رواں ہوگئی سرکار کی درگاہ آ کر اکائی کی اور کہا کہ سرکار کی دعا سے مرادوں کے گل کھلے دو لڑکے مولود ہوئے اور آٹھ دس سال ہوئے اول لڑکا کوٹھے سے گر کر مرگ کے حوالہ ہوا دوسرا ہے سو وہ ہمارا ہے سرکار مدار کہہ اٹھے کہ اول لڑکا گر کر مرگ کے حوالہ ہوا لوگ دوڑے دوڑے آئے اور کہا کہ اے صالحہ اول لڑکے کا کوٹھے سے گر کر وصال ہوا وہ دوڑی گئی اور ولد کو گود سے لگا کر دل کھول کر روئی اور کہا کہ ہاں ہم سے مکر ہوا ہم مدار سے مکر کر گئے ہم کو صلہ ملا ادھر مدار اک داعی سلسلہ سے کہہ رہے اس کے گھر کو رواں ہو اور کہو کہ مدار کہہ رہا اگر مردے سے کوئی واسطہ ہے لے لو اور اگر کوئی واسطہ رہا ہی کہاں ہوا اسی طرح لوٹا دو وہ کہہ رہی کہ ہاں ہم سے مکر ہوا ہے سہو ہوا مردہ اٹھا لو۔ سرکار مدار کے داعی سلسلہ مردہ لے آئے اور گام سے لگا کر رکھ گئے سرکار مدار موئے سر کو ہلا کر کہہ اٹھے کہ اے مردہ اللہ کے حکم

سے اٹھ کھڑے ہو حاکم کھڑا اور محکوم محو آرام اٹھ اللہ کے حکم سے اس مردہ کو روح عطا ہوئی اور کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ کر کھڑا ہوا سارے لوگ کہہ اٹھے دم مدار وہ صالح آئی اور کہا کہ سرکار مدار اس لڑکے کے علاوہ دوسرا لڑکا لے لو اور اک اک سے اہم عہد لے کر داعی سلسلہ کر لو ہم کو اور ہمارے سارے گھر والوں سے اہم عہد لے کر سلسلہ مدار یہ داعی کر لو سرکار مدار کے ساگر رحم و کرم سے لہرا اٹھی اور اک اک کو اماں دے گئی اول کا نام محمد رکھا دوسرے کا احمد رکھا اور صالحہ کے والد کے لڑکوں کو داعی سلسلہ کر کے ہمراہ لے کر دوسرے ملک[۲] کی سو رواں ہو گئے۔

مکہ مکرمہ آ گئے

اور وہاں کھلم کھلا اسلام کے احکام سکھا کر مکہ مکرمہ کی سو آئے مکہ مکرمہ آ کر حرم آ گئے اور دار اللہ کے گرد گھومے اور حرم و دار اللہ کے سارے احکام ادا کئے سعی کی مردود کے مر مر مارے حرم کی مٹی سے صدر کو معطر کر کے دار اللہ سے کوئے رسول کا ارادہ کر کے اٹھ گئے اور کارواں کے ہمراہ معمورہ رسول آ گئے درگاہ رسول اکرم کی مٹھاس حاصل کی اور لمحہ رسول اکرم صلی اللہ علی رسولہ و آلہ وسلم حاصل کر کے مکرم ہوئے اک سحر کو گوہر مراد ملا اور رسول اکرم کا لمعہ دکھا دل و روح دمک اٹھی حکم ہوا اے مدار طلسم ملک کو رواں ہو سرکار مدار حکم رسول کے آگے سر نگا کر ساحروں کے ملک کو رواں ہو گئے۔

مولا علی کی درگاہ سے وراء الوراء کا عہدہ ملا

در رسول سے سرکار مولا علی کی درگاہ کی سو رواں ہو گئے اہل اسلام کو مراحل سلوک طے کرارہے اور اہل مردود کو اسلام والا کر کے مولا علی کی درگاہ آ گئے مولی علی کی لحد

(۱) محمد علاء الدین ... [illegible] ... (۲) سید احمد ... [illegible] ... (۳) خراسان ... [illegible] ... سید رکن الدین حسن عرب - سید شمس الدین حسن عرب

سے مس ہوکر دل اور روح کو معطر کر کے اسرار علوم علی حاصل کئے اور مولا علی کی لحد عالی کے گرد محمد کو راہ سلوک طے کرا رہے اور دم روک کر (سمادھ) اللہ کی حمد کا درس دے رہے اور اس کی (کپلسرس) کے لئے وہاں روک کر اور سارے ہمدموں کو ہمراہ لے کر ساحروں کے ملک کی سو رواں ہو گئے۔ راہ کی رکاوٹوں کا صدمہ اٹھا کر مسدود راہوں کو کھول کر ملک آ گئے اور عوام کو گروہ در گروہ اکٹھا کر کے درس الٰہی دے رہے لوگوں کو اللہ کی رسی، کلمہ، احکام اسلام، اعمال صالحہ، صلہ رحمی، والد و والدہ سے عمدہ سلوک، رحم و کرم، گھر والوں کی مدد، گمراہوں کو اسلام والا کر رہے لوگ آ آ کر اسوہ رسول اکرم کے عامل ہو رہے عمل کر رہے۔ سرکار مدار گاؤں گاؤں، مصر مصر کے لوگوں کو احکام اسلام سکھا رہے اور مصر رسول لحد رسول سے اک لمحہ دوری کہاں رکھی ہر ہر آہ لحد رسول کے لئے اٹھی اس لئے اس ملک کی ہوا راس ہی کہاں آئی اک مسا کو لوگ محو آرام ہوئے سارے ہمدم و داعی سلسلہ سو گئے سرکار مدار کو دار اللہ و دار الاسلام کی دوری کا احساس ہوا اور رود ئے سحر کو مکمل ارادہ کر کے رواں ہو گئے راہوں کے سارے مراحل عمدطور سے طے ہوئے اور اہل اسلام سرکار مدار کی کھلم کھلا ادعٰی سے ولی اور ولی گر ہوئے کوئی عالم ہوا کوئی اللہ کے ارسال کردہ سارے علوم و مسائل کا مدرس ہوا سرکار مدار کی روح مطہرہ سے ہر ولی حصول سلوک کر رہا۔

اک مرد کامل کی مراد کا مدعا مدار

سرکار مدار وہاں سے اک مصرآئے سرکار کی آمد کی اطلاع سے مطلع ہو کر سرکار مدار کے گرد اک ولی کامل آئے اور سرکار مدار کی روح ولا سے لمعے حاصل کئے اور کہہ رہے کہ اے سرکار مدار عالموں کے مدار ہم کو حکم رسول ہوا کے طلسمی ملک کو رواں ہو

(۱) حضرت خواجہ سید معین الدین غریب نوازؒ (۲) کرمان)

وہاں کے احوال سے ہم کو مطلع کرو ڈر ہے وہاں کے لوگ اعدائے اسلام و مسلم ہو کر ہماری روح طائر کر کے ہم کو ملک عدم کا راہی کر کے اسلام کے سارے امور کو مٹا کر مسرور ہوں گے اور اسلام کا کارر کے گا اس لئے ہم کو اس ملک کے کل احوال سے مطلع کردو سرکار مدار کہہ رہے کہ اے ہم کرم'' ہم رحم'' ہم دم'' وہاں سادھوؤں، ساحروں، اوگھڑوں، گمراہوں، رمال کی ہماہمی ہے ساحروں کا ملک ہے ساحری اساس سے ٹکراؤ ہوگا ساحروں کی ہماہمی اور گمراہوں کا ولولہ ہے اس لئے دائمی عمل رسول کو ہی روا رکھو اور ہر الم کو اٹھا کر کوہسار کی طرح ڈٹ کر رہو گے اماں ملے گی ہر الم سے دور رہو گے اللہ مددگار عالم ہے وہی مدد کرے گا۔ سرکار مدار اس ولی کامل کو صدر سے لگا کر دعا دے کر علم اسرار سکھا کر سوئے مکہ مکرمہ رواں ہو گئے اور راہ کی ساری رکاوٹوں کو مسدود کر کے مکہ مکرمہ آ گئے۔

آمد مکہ مکرمہ

ادھر وہ ولی کامل طلسمی ملک کی سو رواں ہو گئے سرکار مدار حرم آ کر دار اللہ کے گرد گھومے اور مکمل احکام ادا کر کے مصر رسول آ گئے محو درود و سلام ہو گئے حکم ہوا کہ اے مدار طلسمی ملک کی سو رواں ہو سرکار مدار حکم رسول کے آگے مسلم ہو گئے اور ارادہ کر کے مولی علی کی درگاہ کی راہ لی اور اردگرد کے امصار والوں کو گاؤں والوں کو ہادی و مہدی کر کے آگے آگے رواں رہے۔ راہ طے کر کے سرکار مولا علی کی درگاہ آ گئے لحد عالی سے صدر لگا کر صدر کو مصدر لمعہ علی کر کے عطائے مصدر ولا حاصل کر کے وہاں اک عرصہ رہ کر محو درود و سلام رہے اور لحد علی سے روح کو عمدہ کرر ہے اور محمد کو لے کر طلسمی ملک کو رواں ہو گئے راہ کے سارے آلام کو اٹھا کر ملک آ گئے۔ ولی کامل سے

(۱) حضرت جمال الدین جانمن جنتی۔

کئے ہوئے وعدے کے اکمال کے لئے مصر آ گئے اور مصر کے کوہ کو کلہ کو سمادھ کر کے
ٹھہر گئے ادھر ولی کامل کو مدار کی آمد کی اطلاع ہوئی اور وہ وہاں گئے اور سرکار مدار
سے مل کر اک مسرور ہوئے سرکار مدار سے علم علی حاصل کر رہے اور اسرار علی کے
سارے دھاگے ٹوٹ گئے اور دو ولی اک دوسرے سے مل کر مسرور ہوئے سحر
ومسا سر لٹکائے عدم کلام کے رہے اور کوئی اک دوسرے سے ہمکلام ہی کہاں ہوا دل
ہی دل اک دوسرے سے روداد کہہ لی سحر اسی طرح سر لٹکائے رہے اور کلام مکمل
کر کے وہ ولی کامل وہاں سے لوٹ گئے اور سرکار مدار وہاں ٹھہرے رہے لوگ آ آ کر
مدار سے عمدہ کلام کے سامع ہو کر اسلام کی عمدگی کو صدر سے لگا رہے سرکار مدار کے
ہر مرد سے ہر ولی سے الگ حال وکمال دیکھے لوگ لامعدود ہو کر آ آ کر عمر کے ہر
حصہ کو اللہ ورسول کے واسطہ کر کے اک اہم عہد کی گرہ لگا کر اللہ والے ہوئے
اور ماحصل عمر کو اللہ کے لئے کر کے الا راسی ہوئے۔

سرکار مدار کے داعی سلسلہ لوہا کھا گئے

سرکار مدار اسی کوکلہ کو ہسار سے ہدی کا کام کر رہے حساد حرص وحسد کی آگ سے
سلگ رہے اور اک سادھو اور رمال سادھو حاسد وحارص سرکار مدار سے آ کر ملا سرکار
مدار کا ولولہ ولا دکھا محسوس کر رہا کہ مدار وہ مرد کہاں کہ ہر آدمی اس سے ملے ارے
مدار کا روئے عالی لمعوں کا گڑھ ہے الغا وہ روادار ہو کر ٹھہرا اور سرکار مدار سے کہا عرصہ
طول ہوا کہ اطلاع ملی کہ اس مصر کے ہر اہل مصر کو اسلام والا کر رہے لوگ گروہ
در گروہ اسلام کے موئل ہو رہے اور اسلام والے ہوئے اور ہم مدار سے اس لئے ملے
کہ ہمارے حمص کھالو اگر ولی ہو سارے حمص کھالو سرکار مدار کو علم اسرار سے معلوم ہوا

(۱) اجمیر شریف (۲) ادھر ادھر ٹھوکر (۳) لوہے کے چنے۔

کہ سادھو مکار ہے اور لوہے کا ہر حمص ساحری ہے سرکار مدار کہہ رہے ہے کہ ہمارا دائی
صوم ہے ہم حمص کس طرح سے کھا کر طرح دار ہوں مگر ہاں ہم کو سارے حمص دے
دو سرکار مدار وہ ساحری حمص لے کر دائی سلسلہ سے کہہ رہے ہے کہ کھالو سارے دائی
سلسلہ اک اک لے کر کھا گئے سرکار مدار اک حمص کو ہسار کے رودُمر کے وسط گاڑ کر
کہہ اٹھے اللہ کے اسم سے اگو اور طلوع ہو معاً کلا اگا اور اک دم وہ روکھا روکھ ہو کر
طلوع ہوا سادھو سارا معاملہ گھور کر حواس کھو کر گرا اور کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ
کر اہل اسلام سے ہوا اور اہم عہد لے کر سلسلہ کا دائی ہوا اور حامی اسلام ہوا۔ اور
اک عرصہ طول لوگ اس روکھا روکھ کے حمص کھا کھا کر مسرور رہے اور وہاں کے لوگ
اس حمص کے سوداگر ہو گئے اور وہ حمص کا دودھ سوکھ کر مٹا سرکار مدار اس مصر کی عوام کو
مسلم کر کے ہر سو اسلام کی لالہ کاری کر رہے دوسرے مصر کو رواں ہو گئے

آٹھ کم ساٹھ ڈاکو مسلم ہوئے

سرکار مدار اک مصر کو آئے اور اس مصر کے کوہسار کی اعلائی سطح کو آرامگاہ کر کے
وہاں سادھ لگا کے اللہ واحد کے حکم کو ارسال کر رہے لوگوں کو اکٹھا کر کے کہا کہ اے
لوگوں اللہ اک ہے اسی کی راہ کے راہی رہو وہی اطہر ہے اور آلا را اسی ہے وہی ہوا
اور مٹی کا مالک ہے وہی آگ کا وہی سما کا وہی کل عالم کا مالک ہے اسی کے آگے
گڑگڑاؤ اور دعا کا مدعا اسی سے حاصل کرو اللہ و رسول کے احکام کو مکمل طور سے ادا
کرو وہ داور ہے اس کا رسول سرور ہے سرکار مدار کے اس کلام سے لوگ روگرداں
ہو گئے سرکار مدار اللہ سے لو لگا کر محو دعا ہو گئے۔ اسی طرح سحر و مسا اللہ واحد کے
احکام کو عام کر رہے لوگوں کے لئے دعا گو ہوئے کہ اے اللہ ہر آدمی کو راہ ہدی کا

(۱) سرکار مدار نے ایک [illegible] (۳) [illegible]

راہی کر سارے عالم کی عوام کو مسلم کر دے اور لوگوں کے دل رسول کی اطاع کے لئے کھول دے۔ سرکار کی دعا درگاہ الہی سے ٹکرائی لوگ آئے اور کہا ہم کو رحم و کرم کی آس ہے گدا گر ہوں ٹکڑا عطا ہو سرکار مدار ہمارے حال دگرگوں کو رحم و کرم سے دھو کر ہم کو اہل اسلام سے کرلو ہم لوگ مسلم ہوں گے سرکار مدار گمراہ لوگوں کے دلوں کے حال سے مطلع ہو کر رحم و کرم کے گل عطا کر کے اہل لمعہ کر کے اور سارے کے سارے لوگوں کو مسلم کر کے دوسرے مصر کے راہی ہو گئے اور راہ کے سارے گراؤ اٹھاؤ مدار کے لئے ہموار ہو گئے الم اٹھے لادم ہو کر بڑے لوگ مدار کے در رحم و کرم کے عکس سے لمعہ حاصل کر رہے اور اہل اسلام کے کارواں کے ہمراہ مراحل سلوک طے کر کے عمر کا مطمح حاصل کر رہے۔ سرکار مدار کو وارا ولی سے اسلام کی کارکردگی کر رہے۔ اک مسا کو سرکار مدار اور سرکار مدار کے سارے ہمدموں کی لوٹ مار کے ارادہ سے آٹھ کم ساٹھ ڈاکو وارا ولی آ گئے ڈاکوؤں کا گروہ سرکار مدار کی سو ہوا۔ اکدم سارے ڈاکو اگمی ہو گئے، روئے گڑگڑائے گڑ ڑا کر کہا کہ سرکار ہم عاصی ہوئے مگر سرکار سے کرم کی آس لگا کر دعا گو ہوں کہ سرکار ہماری سو کرم کر دو سرکار کا کرم ہو ہمارے دو عالم ٹھاٹ کے ہوں۔ سرکار مدار سارے ڈاکوؤں کے احوال سے مطلع ہوئے اور دعا گو ہوئے الہٰہ العالم سارے ڈاکوؤں کو روائے کرم کی سرد ہوا عطا کر دے سرکار مدار کا کرم اللہ کی عطا سارے ڈاکو اصلی حال کی سو آئے کمی ہوئے اور اکدم کمی ہوئے سرکار مدار کی دعا سے حائز ہو کر کلمہ گو ہوئے اور مداری سلسلہ والے ہوئے اور ساری عمر سرکار مدار کے ہمراہ رہ کر راہ سلوک کے مراحل طے کئے۔ سرکار مدار کی درگاہ کرم سے الگ الگ اسما ملے سارے کے سارے لوگ الگ اسم سے موسوم ہوئے۔ اور اک: سعد ہوئے سرکار مدار کی درگاہ سے المسمّٰی "اسلام[2]" رکھا اسلام اہل ولا سے

---

(۱) [illegible] کے اسم سے مشہور ہوئے (۲) [illegible]

ہوئے۔ سدھ کا ترس دھوم دھام سے اسی مصر کے لوگ کرر ہے کوئی محرر اس کو کوہ کو کلہ کوئی کوہ اراولی لکھ رہا ہے۔ واللہ اعلم۔

محمد لاہوری کا احرام اور گرد مدار رمل کیے

راہ کے ہر آلام سے ٹکرا کر دکھوں کو سہہ کر اماں کے گوہر لٹا کر روداد الم ہٹا کر ہر دکھ کو صدر سے لگا کر اللہ احد کا اسلام عام کر کے اس مصر سے دوسرے مصر آ گئے مصر آ کر اہل مصر سے ہم کلام ہوئے لوگوں اک سحر آئے گی عالم مٹے گا کوہسار روئی کے دھاگوں کی طرح اڑ کر مٹے گا مہر کامل الٹا طلوع ہوگا صرصر آئے گا اور مر مر اڑے گا کوئی ہم دم ہوگا کہاں؟ کوئی حامی ہوگا کہاں اس لئے لوگوں کوئی دم کا دمامہ ہے اللہ کی رسی کو حاصل کرو اسی کے اسلام کے سارے احکام کے عامل ہو اسی سے گڑ گڑاؤ ساحروں، سادھوؤں سے دور رہو سرکار مدار رحم و کرم کا ساگر ہو کر عوام سے الم دور کرر ہے اس عالم کی عوام کی اصلاح کا کام کرر ہے لوگ گروہ در گروہ آئے اور اسلام کے گوہروں سے مالا مال ہو گئے اور کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ کر اہل اسلام ہوئے لوگ کھلے داماں لائے اور ڈھک ڈھک کر لے گئے۔ ادھر محمد لاہوری گھر سے مکہ مکرمہ کے لئے کارواں کے ہمراہ سوئے مکہ مکرمہ رواں ہو گئے اور سرکار مدار کی آمد کی اطلاع ملی اور اس مصر کے گرد آ گئے معلوم ہوا کہ سرکار مدار ہاں ٹھہرے ہوئے ہر سو مدار عالم کی ولا کا ولولہ اٹھ رہا ہے ہر سو مدار عالم کی ولا کی دھوم دھام ہے معلوم ہو رہی ہے سرکار مدار کی ہر سو دعا کو حصول مل رہا ہے اور لوگوں کو مدعا مل رہا ہے اور ہر آلودگی سے لوگ دور ہو رہے محمدی لاہوری کو معلوم ہوا کہ سرکار مدار عالم ولا کا حاکم ہے اور کوہسار ولا ہے ہر سائل اس کے در سے مراد لے کر لوٹ رہا ہے اور مدار کا

(۱) اسلام ہی (۲) میواے

عہدہ ہر عہدہ ولا سے اعلیٰ ہے مدار کے گرد ہر عالم محو ہے گھوم رہا ہے ہر حاکم سر نکائے کھڑا ہے اور کاسہ گدائی لے کر مدار کی عطا کا سائل ہے۔ محمد لاہوری کی آمد ہوئی سلام کر کے آگے آگئے اور سارا حال دل کہہ ڈالا کہا سرکار گھر سے مکہ مکرمہ کا ارادہ کر کے سوئے مکہ مکرمہ رواں ہوا ہوں ہر سو سرکار مدار کی دھوم دھام ملی اس لئے ہمارا ارادہ ہوا کہ سرکار سے مل کر مکارم حاصل کروں اور اہم عہد لے کر سلسلہ مدار کا داعی ہو کر ارادہ کے لئے رواں ہوں اہل کارواں سوئے مکہ رواں ہوئے اور ہم ادھر آگئے اور آئے ہی اس لئے کہ اس در کی دھول ملے اور اس دھول سے آلام عمر دور ہوں اور سلوک کی راہ طے ہو۔ سرکار کے سلسلہ کا مؤمّل ہوں سرکار مدار محمد لاہوری کے دل کے مصمم ارادہ سے مطلع ہو گئے اس لئے سرکار مدار کہہ اٹھے کہ اے محمد لاہوری رسول اکرم صلی اللہ علی رسولہ وآلہ وسلم کے لائحہ عمل کے عامل ہو کر اس راہ کے ہر عمل کو صدر سے لگا کر عالم کی ہر سو سے دل ہٹاؤ اور داعی سلسلہ ہو کر سلوک کی راہ طے کرو اور ہر داعی سلسلہ کے ہمراہ رہ کر مکارم حاصل کرو محمد لاہوری سلسلہ مدار کا اہم عہدہ حاصل کر کے داعی سلسلہ ہو کر سلوک کے سارے مراحل طے کر رہے ہیں اسی طرح سحر و مسا کا عمل رہا اور دس ماہ کے آدھے ماہ ہوئے دل کو احساس ہوا کہ ہم ارادہ کے لئے رواں ہوئے اور آ کر کہاں رک گئے کارواں دور ہوا اور احرام کے ماہ حرام کی آمد ہو گئی وہم کر کے رو دئے روح مردہ ہو گئی سارے حوصلے ٹوٹ گئے گھر سے مکہ مکرمہ کے لئے آئے دردا! دردا! ہائے لوگ دار اللہ کے گرد گھوم رہے ہوں گے اور ہم کہاں رہ گئے کہاں سے کہاں آگئے ہائے مٹ گئے کدھر کے لئے رواں ہوئے کدھر آگئے اس احساس سے دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے سر لٹکائے رو رہے ہیں سرکار مدار کو محمد لاہوری کے احوال دل کی اطلاع ہو گئی۔ سارے احوال کا الہام ہوا کہ محمد لاہوری

گھر واسطے احرام کے رواں ہوئے اور ہاں آ کر سارے سحر ومسا کے لئے رک گئے
موعد لٹا سرکار مدار کہہ اٹھے کہ اے محمد لاہوری دل کو احساس محرومی سے روکو دمع ہٹاؤ
دل کو محسوس کراؤ کہ دار اللہ کے گرد گھوم رہا ہے اور ہمارے گرد گھوم گھوم کر رمل کرو
اور روح کے سلسلہ کا واسطہ اللہ سے رکھو آل کار محمد لاہوری سرکار مدار کے حکم کو روئے کار
سے لائے اور دل کا اکدم سہی واسطہ اللہ سے رکھا اور دار اللہ کا وہم کر کے دار اللہ آ گئے
دار اللہ کے گرد گھومے رمل کئے سعی کی مردود کو مر مر مارے اک کوہسار سے دوسرے
کہسار کی سودوڑ کی اور مصر رسول آئے درگاہ رسول صلی اللہ علی رسولہ وآلہ وسلم آ کر
درود وسلام کہ گل لٹائے سرکار مدار کہہ اٹھے اے محمد لاہوری سر اٹھا کر سارے احوال
کہہ محمد لاہوری کہہ اٹھے ہاں سرکار ہمارا عمرہ احرام وارادہ دار اللہ کے گرد کے رمل ادا
ہو گے ہم مسرور ہو گئے اور وسوسہ دور ہوا سرکار مدار کہہ رہے کہ محمد لاہوری ہمارے
ہمراہ رہا کرو اور عالم کے لگاؤ کو دور کر دو اور سلوک کی راہ طے کر لو اللہ ولا عطا کر دے
گا اسی طرح محمد لاہوری کے سحر ومسا سرکار مدار کے ہمراہ مکمل ہو رہے مگر مردود کا
وسوسہ ہوا اے محمد عمرہ، احرام، سعی ارادہ کس طرح ہوگئی ارے ہم اس مصر سے اس
مصر کو گئے ہی کہاں اس طرح عمرہ، احرام، ارادہ کس طرح سے ادا ہو گئے اگر اسی
طرح کسی ولی کے گرد گھوم کر ارادہ مکمل ہو ہر کس ادا کرے اور مکہ مکرمہ کو کس لئے
رواں ہوں، ارے اس طرح کا عمرہ، احرام ارادہ ادراک سے ماورئی ہے اور اسلام
کے احکام کی رو سے ادھورے کا ادھورا رہا ہائے دردا ہم مٹ گئے ساری حد ٹوٹ گئی
عمرہ احرام ادا ہوا ہی کہاں اٹھو اور اگلی سال کے لئے مکہ مکرمہ رواں ہو مکمل ارادہ کر لو
کہ ہم مکہ مکرمہ رواں ہوں گے محمد لاہوری اک سحر گاہی کو مکمل ارادہ کر کے
دری، گدا ردا، لوٹا مصلی لے کر اٹھے اور رواں ہو ہی رہے کہ سرکار مدار کی صدا اٹھی کہ

اے محمد لاہوری کہاں؟ اور کدھر کا ارادہ ہے۔

محمد لاہوری کہہ رہے ہے کہ سرکار ہم عالم کے عہدہ دار اسلام کی رو سے کہہ رہا ہوں کہ اس طرح کے رمل، سعی ارادے عمرے ادا ہوئے ہی کہاں ہم سرکار مدار کے گرد گھومے دار اللہ کے گرد کہاں گھومے ہم مکہ مکرمہ کہاں گئے، ہمارا ارادہ کہاں ہوا ہمارا احرام ادھورا رہا ہم کو درس محمدی ملا کہ مکہ مکرمہ آکر اللہ کے گھر کے گرد گھومو اور ہم مکہ مکرمہ کہاں گئے اس طرح سے ہماری سعی، رمل عمرہ احرام کہاں ہوا سرکار مدار کہہ رہے کہ اے محمد لاہوری ادھر اور ہماری سو سر اٹھاؤ اللہ سے دل لگاؤ آؤ محمدی عطر سے معطر ہو اور ہمارے ہی آگے کھڑے رہو محمد لاہوری تھم مدار کے آگے گر گئے اور مکہ مکرمہ آگئے۔ سرکار مدار کہہ رہے کہ اے محمد لاہوری موسم احرام دور ہے اس لئے وہاں ہی رکے رہو محمد لاہوری معا مکہ مکرمہ آگئے اور حال ہے کہ سرکار کے آگے کھڑے رہے اور دو کم آٹھ ماہ مکہ مکرمہ رکے رہے۔ موسم احرام کی آمد ہوئی دار اللہ کے گرد گھوم گھوم کر رمل کئے، سعی کی، ہدی کے احکام ادا کئے، مصر رسول گئے درگاہ محمدی سے گل مراد حاصل کئے لحد اطہر سے مس ہوئے دل وروح معطر ہوا سارے احکام ادا کئے اور کھڑے سرکار مدار کے آگے رہے سرکار مدار کہہ رہے سر اٹھاؤ محمد لاہوری سر اٹھا کر کہہ رہے سرکار والا ہمارا سارا وہم دور ہوا اور سارے وسوسہ دور ہو گئے اور دل کو آرام ملا اور ساری عمر سرکار مدار کے ہمراہ رہے اور دائی سلسلہ ہوئے۔

سرکار مدار مالوہ گئے

اس مصر سے سرکار مدار مالوہ گئے لوگوں کو اکٹھا کر کے دار اسلام کی سود مدغو کر کے کہا اے لوگو! اسلام عمدہ دھرم ہے اس دھرم کے علاوہ اور کہاں دوسرا دھرم ہے اسلام کا ہر حکم محکم ہے

اہل نیپال سے اللہ رسول کی اطاعت حاصل ہوگئی۔ سرکار مدار سادگی سے اسلام کا علم لہرا رہے ہیں لوگ آ آ کر اہل اسلام سے ہوئے سرکار مدار لوگوں کو حضور روح سرور دل دے کر آگے رواں ہو گئے۔ سرکار مدار ملک ملک، مصر مصر، گاؤں گاؤں، محلہ محلہ، گلی گلی، سرحد سرحد، الگ الگ حصوں کو اسلام کے راس المال سے مالا مال کر کے اہل ملک کو اللہ واحد کی راہ دکھائی اور لائحہ رسول اکرم کی راہ دکھائی اور لوگ گروہ در گروہ آ کر اسلام والے ہوئے اسلام کے حامی ہوئے سارے ملک کو اسلام دھرم کی ملک عطا ہوئی اور وہ سرکار مدار کے درس کے حصے سے عطا ہوئی اسی طرح سرکار مدار لوگوں کو علم عطا کر کے دوسرے مصر رواں ہو گئے۔

سرکار مدار وہاں سے دوسرے مصر آئے

سرکار مدار مصر آئے لوگوں کو معلوم ہوا کہ سرکار مدار ہمارے مصر آ گئے لوگ کارواں در کارواں آ گئے اردگرد اکٹھا ہوئے اور روداد الم کہی دعاؤں کو مدعا ل رہا کوئی اولاد کا سوالی ہوا ہے اولاد ملی گداگر ملے روسا ہوئے محکوم، حاکم ہوئے گمراہ اہل اسلام سے ہوئے لاولد آ ہے اولاد والے ہوئے اہل مصر کی ساری دعاؤں کو مراد عطا ہو رہی لوگ آ آ کر مسلسل مراد حاصل کر رہے کسی کو ہادی کا عہدہ ملا کسی کو ملک ملا ہر سو اسلام کے گل کھلے اللہ الصمد کی صدا کا ولولہ اٹھا ہر سو احکام اسلام ادا ہو رہے مٹی دھرم کے الہ مٹی آلود ہو گئے گمرہی لاعلمی مٹ کر رہی سارے احکام اسلام کی کارکردگی کر کے دوسرے مصر کی سو رواں ہو گئے۔

سرکار مدار دوسرے مصر کی سو

وہاں سے سرکار مدار دوسرے مصر کو آئے راہ کے سارے آلام کو طرح داری سے

(۱) ۲۷ پلی (۲) کام کم ہر

صدر سے لگا کر مصر آئے اہل مصر کو سرکار مدار کی آمد کی اطلاع ملی لوگ اکٹھا ہو کر سرکار کے گرد آئے اور ہادی ہو گئے سرکار مدار گمراہوں کو ہادی عاصی کو حامی کر رہے ماحول عصری رہا کہ سرکار مدار ہر مصر و گاؤں والوں کو اہل اسلام سے کر رہے اور حرص و طمع مٹی اور مسلط ادوار و معبود کے مراسم دور ہوئے اولاد آدم کی مسکراہٹ کی گرہ کھلی آلام دور ہوئے دکھوں کے سائے ہٹے۔ رحم و کرم کی ہوا آگئی ہر سو رحم و کرم کھلے عام لٹ رہا۔ دم مدار کی صدا گردوں کی سطح سے ٹکرائی مرادوں کی گرہ کھل رہی۔

لاولد ملک اولاد والا ہوا

سرکار مدار کی درگاہ سے اس ملک کا ملک، حاکم لاولد آ گیا اس کو لوگوں سے معلوم ہوا کہ اس مصر کو سرکار مدار دارالسلام کی ہوا عطا کر رہے اور سارا ماحول عاطر ہوا ہے وہاں رواں ہو کر اولاد کی دعا کراؤ اس لئے وہ ملک سرکار مدار کی درگاہ سے آ گرا اور رو رو کر سارا معاملہ کہہ ڈالا سرکار مدار ہم لاولد ہمارے لئے اللہ سے دعا کرو کہ اللہ ہم کو اولاد عطا کر دے ہم کلمہ گو ہو کر اہل اسلام سے ہوں گے اسلام لا کر مسلم ہوں گے۔ سرکار مدار اس ملک کے لئے دعا گو ہوئے اے اللہ اس لاولد کو اولاد عطا کر دے سرکار مدار کی دعا سے اک سال کامل ہوئی اور وہ لاولد اولاد والا ہوا سرکار مدار کی دعا سے ادا سی مٹی اور کلمہ گو ہو کر اہل اسلام سے ہوا سرکار مدار اس ملک سے اہم عہد لے کر سلسلہ مدار کا داعی کر کے اس مصر سے دوسرے مصر کی سو رواں ہو گئے۔

ملک العلماء سرکار مدار کے حاسد ہو کر مداری ہوئے

ملک العلماء اس مصر کے ملک[3] کے درگاہی عالم ہوئے اور اہل علم کے مہر و مہ

(۱) ... (۲) ملک العلماء قاضی شہاب الدین ... (۳) بادشاہ ابراہیم شرقی ...

ہوئے ملک مصر ملک العلماء کا دل کی گہرائی سے موئل رہا۔ ملک مصر ملک العلماء کی حد سے سوا اعلائی کا حامل ہوا۔ ملک مصر کے حکم سے ملک العلماء کی کرسی ملک مصر کی کرسی کے مساوی رکھی گئی۔ ملک العلماء سے ملک مصر کے لگاؤ کا عالم اس طرح رہا ہے کہ اک سحر کو ملک العلماء کا حال دگرگوں ہوا دکھ درد سے ٹوٹ گئے ملک کو اطلاع ملی ملک، ملک العلماء کے گھر آئے کہ ملک العلماء کے احوال معلوم ہوں مال کار احوال سے آگاہی ہوئی اور ملک مصر اک کٹورا مالے کر ملک العلماء کے گرد گھوم کر دعا گو ہوئے الٰہہ العالم ملک العلماء کے سارے دکھ درد ہم کو دے دے اور ملک العلماء کو دکھوں سے دور کر۔

سرکار مدار کی آمد کی دھوم

سرکار مدار کی آمد آمد اسی مصر کو ہوئی عوام دور، دور، سے آ کر گرد مدار اکٹھا ہوئی اور مرادوں کا مدعا حاصل کر رہی ادھر ملک العلماء کو سرکار مدار کی اعلائی سے حسد ہوا سرکار مدار کے حاسد ہو گئے۔ گاہے گاہے ملک مصر سے سرکار مدار کے احوال کے وصل سے گراں کلام کہہ کہہ کر ملک مصر کی سرکار مدار سے دوری کرار ہے کہ کوئی لمحہ عمل رسول سے ہٹ کر ہو ملک مصر سے سرکار کی دوری کرا دے۔ مگر سرکار مدار کی درگاہ کرم سے ہر اک سوال کا حل اس طرح اعلیٰ اور عمدہ ملا کہ وہ احساس محرومی سے سرکار مدار کی درگاہ آئے اور کئے ہوئے سوالوں کے حل سے حائز ہوئے اور مسرور ہو کر کہا و لاعاصی لک امرا۔

ملک العلماء کے سوالوں کا حل لکھ رہا ہوں اس سے سوالوں کا حال معلوم ہوگا کہ کس طرح عمدہ حل سرکار مدار سے ملا۔

سوالوں کا حل ''سرکار مدار عالم''

هو الله الاحد الملک العلام صل وسلم علی محمد الکرام

موصولہ سے معلوم ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علی رسول المکرم سے اک وصل اہم الاہم مدار دو عالم کو عدم واسطہ حاصل ہے وہ کس طرح سے؟ اس طرح کا وصل امر محال معلوم ہو رہا ہے کوئی مرد اس در کو کہاں کھول رہا ہے کہ وصل کس طرح ہوا۔ دوسرا سوال کہ علماء رسولوں کے ولی عہد کے عہدوں سے مامور کئے گئے اس سے مراد کوئی اور علم ہے کہ وہ علم کہ ہم کو حاصل ہے۔ اور کوئی دوسرا علم ہے؟

حل:۔ اے لاڈلے عوام کے لئے اسرار الٰہی سے آگاہی امر محال ہے آگاہ ہو کہ وہ لوگ درگاہ عدم کے عہدہ دار اور اولاد آدم کی کھلی روح کے صحرا کے سوار ہوئے لوگوں کو اہل اللہ کے ڈھکے اسرار و امور کے معاملوں کی آگاہی کے حصوں کا ادراک ہی کہاں۔ اس لئے کہ گرو درگاہ ماحصل عہدہ دوری کا حصول محسوس ہوا اہل اللہ، مرگ وحی سے دور، وعاری ہو کر لامعلوم محدود رکاوٹوں کی گرہ کاٹ کر حامی کلام الٰہی کے موئل کہاں رہے اور ملک المطر کو کوئی حد عطا کہاں کرے اک ہی گام سے دو عالموں کی راہ طے کر کے صحرا سے لامحدود و لامکاں کی حدوں کو حاصل کر کے سحر و مسا کو اسی طرح مکمل کر کے اللہ کی مدد حاصل کر کے لوگوں کے ادراک سے ماورئی ہوئے اللہ اس گروہ کی اعلائی لوگوں کی رسائی سے دور کر کے اس کو اماں عطا کرے اور سارے عالم کے اسرار اس کے لئے کھولے گئے اور وہ اسی گروہ کے لئے اہم ہے مدار اس امر سے آگاہی کرا رہا ہے اور اللہ کے حکم سے مامور ہے اللہ ہر معاملہ کا حاکم و مالک ہے آدمی ہو کر عوام کے ارد گرد آ کر اللہ کے حکم کا محکوم ہوں۔

اے لاڈلے معلوم ہوگا؟ کہ مولا علی اللہ کے حکم سے مولود سے دو سو سال اوائل
روح اسدی ہو کر اہل اللہ کا وہ گروہ سرکار موسیٰ صلی اللہ علی موسیٰ کا کلام اسمع کر رہا
اور اسری کی مسا کو محمد رسول اللہ کے ہمراہ اللہ کے گرد ہوا رسول کے سارے ہمدموں
اور سارے اہل اللہ سے دائمی ملے مرگ وحی کے معاملے سراسر کھلے رہے وہ مکمل کو
حاصل کر کے ادھورے کو کس لئے حاصل کرے۔ رہا دوسرا سوال العلماء ......
.... کی مراد کس علم کے علماء سے ہے۔ آگاہ ہو کے اہل اللہ عدم کی راہوں سے
مولود کی گود کے محاصل ہوئے اور سحر اول کو ہی اللہ کی سو سے صدا کو مسموع کر کے
اور اس کی امداد کو صدر اہل اللہ سے کہاں محو ہوئی اور وہی صدا اور وہی حال اس لمحہ
طاری ہے اہل اللہ کے گھر گئے ادوار آئے ادوار کہاں کوئی ورد حاصل کئے، سارے
علوم عالم اول سے اکمال کا علم اہل اللہ کے دلوں کی مٹھاس ہے اور آدھے سحر کے مہر
کا سالمہ ہے رسولوں کا ولی عہدی ہے اور اسرار الٰہی سے ہے کمائی اور حصوں سے
کہاں ہے۔ اہل اللہ لوح کے لکھے کا ادراک کر کے عالم ہوئے اور لوح اللہ والوں
کے گرد ہے اس کے سارے لکھے کی اطلاع ہے، سحر اول سے عالم کا علم حاصل ہوا سحر
و مسا کا علم گئے کل کا علم کل کی آمد کا علم گئے دور کا علم، آئے دور کا علم اگلے دور کی آمد
کے علم کی اطلاع ہے اس طرح کے اس سحر کو الگ الگ ہوا۔ اے حکم عدو لی والوں،
آگ والوں، ارم والوں کو اک دوسرے کے لگاؤ کے سلسلے سے مسلسل کر دو اس لئے
کہ اللہ والوں اور رام والوں کا علم ہو۔ آگاہ! کہ اسی طرح کے اللہ والے اسی علم کو
حاصل کر کے رسولوں کے ولی عہد ہوئے اس لئے کہ وہی لوگ کم علم سے آسودہ کم
عمل سے مسرور اور کم سے کم عطا سے محدود ہوئے اس کی دوا کس طرح کروں عموماً
لوگوں کا حال اسی طرح کا ہے! اے لاڈلے اس علم کو حاصل کر کے اور اس کے واسطے

(۱) العلماء ورثۃ الانبیاء۔

سے ڈھکے ہوئے علم کا حصول امر محال ہے اور اس سر کا حصول اور اس کا کلام طول ہے اور امر مسلم ہے۔ کہ علماء عالم کو اس علم کے حصول کا حوصلہ کہاں سے حاصل ہوا اسی لئے معاملہ الگ ہوا اور کم ہی ولی اس راہ محال کے راہی ہو کر مرگ کے حوالہ ہوئے اور ماحصل کی سو کہاں آئے اس لئے کہ رسولوں کی ولی عہدی حاصل ہی کہاں ہوئی۔ اگر اس علم کے حصوں کو الگ الگ لکھوں رسالوں کے رسالے مکمل ہو کر علم رہے گا اور سارے عالم کا حاصل اللہ ہی ہے کم علماء عالم کو عمدہ طرح سے ادراک ہوا کہ کسی کو اس طرح کا علم وحی کامل کے عدم واسطہ حاصل ہی کہاں ہوا اور دل کے طہر کے لئے عدم واسطہ در علم کہاں کھلا اور راہ سلوک، اہل سلوک کے علاوہ سے کہاں حاصل ہوا۔ اور لوگ سادہ علوم کے حصول کے لئے رواں دواں ہو گئے اس لئے الم سے دل ملول ہو گئے۔ مال کار اس علم کو کسی طرح عمدہ کہاں کہا اور رسولوں کے ولی عہد کا اہل ہے اے لاڈلے لوگ اسی علم کو کمائی سے حاصل کر کے ملول ہوئے لگاؤ سے سعی سے اس کا حصول ہوا۔ رسول کی ولی عہدی عطائی ہے لگاؤ اور سعی سے حاصل کہاں اللہ کی سو سے عطا ہوا مگر اہل علم کے لئے گراں معلوم ہو رہا ہے مگر اصلی علم اللہ کی عطا سے ہے۔ علم عطائی کے حصول سے ہر عالم کا علم رائی کی طرح سے ہے درگاہ الٰہی سے ارم عطا ہوئی اور آگ سے دوری ہوئی والد سے رحم مادر کو اس حصہ کا حصہ ملا رحم مادر سے مولود ہوا اور اللہ کا کلام وَعَلَّمَ آدَمَ الاسماء كلها .... کے حصہ دار سے مراد ہو کر درگاہ الٰہی کے گرد ہوئے سرکار دو عالم صلی اللہ علی رسولہ المکرّم کے ہمدموں کا اک گروہ[1] رہا اور اس گروہ کا اعلیٰ عہدہ سرکار دو عالم صلی اللہ علی محمد المکرّم کو دکھا وہ سارے کے سارے رہ سلوک کے راہی ہوئے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علی رسولہ المکرّم دعا گو ہوئے[2] اے اللہ ہم کو اس گروہ سے کر اس

(۱) اصحاب صفہ (۲) اللهم احيني مسكينا وامتني مسكينا واحشرني في زمرة المساكين برحمتك ياارحم الراحمين

گروہ کے ہمراہ مرگ ہوااوراسی گروہ کے ہمراہ حی ہواورہم کواس گروہ کے ہمراہ کر اہل علم سے اس سرالہی کوکوئی کہاں حاصل کرسکااوراس کاعلم ہرکسی کوکہاں حاصل ہوا۔ ملک العلماء مرسلہ کے حل سے حائر ہوئے اورحد سے سوا حائر ہوئے اوراحساس سے حراساں ہوئے سرگرداں ہوئے مگراعلائی کواس دم دورکہاں کرسکے اس لئے ملک العلماء کاارادہ ہواکہ سرکار مدارکوگھرلاکر مدارکا سلسلہ حاصل کروں اوراس سلسلہ کے واسطہ سے راہ سلوک حاصل کروں اوراس معاصی وحکم عدولی سے اماں حاصل کروں اس لئے کلام لکھ کرارسال کرکے مسرورہوئے اے مہرولا عالم کو لمعہ الٰہی سے لمعہ کراے مہرولااک لمعہ ہمارے گھرکی سوکردے کہ اس سے دل کے درلمعہ ہوں۔ سرکار مدار عالم علوم اسرارالٰہی کے عالم ہوئے اس لئے ملک العلماء کے دل کا حال معلوم ہوااوراک کلام ارسال کرکے کہامہرولا کے لمعہ سے مٹی گوہر ہوئی ہے اگرمہرولا کے لمعہ کے موئل ہودلکی کھڑکی کھولواورلمعہ حاصل کرو۔ ملک العلماء ہول کرولی کامل کے گردآئے اورسارے احوال کی اطلاع دی ولی کامل سرکارمدار کے دل کھول کرمدح گوہوئے اورکمال صوری کے مدح گوہوئے اورامر محکم ومسلم سے آگاہ کرکے کہاملک العلماءاگرمدار کے موئل ہوسرکارمدارکی سورواں ہواورکی ہوئی معاصی اورحکم عدولی کے لئے اماں حاصل کرواوراسی کے موئل رہواور سرکارمدارکومعلوم ہوگاکہ ملک العلماءاول اول ولی کامل سے مل کرآئے اہم کرم ہوگا ولی کامل کھلے ڈھکے احوال دل کوولی کامل کے اہم کرم سے لگاؤلگاکراوراس سے دل کے عالم کوسہی کرکے گردمدارآئے حسداوراعلائی سے دل کودورکرکے سرکارمدار سے کہا سرکار کے سلسلہ کا موئل ہوں۔ سرکار مدار ادک رحم والے ہوکر کرم کی رداوڑھائی اورمداری کرکے، داعی سلسلہ کرکے راہ سلوک طے کرائی۔

(۱) اے نظر آفتاب پیچ زماں دارت۔ کیس دردو بیمار ماز منور شود (۲) پرتو عشق خورشید بر صحہ ناپود لے۔ سنگ بیک تو سے نیست تا ہمہ گوہر شود۔

علامہ محمودؒ

سرکار مدار اس ملک کو مسلم کر کے دوسرے مشرکی سو آگئے لوگوں کو ہر معاملہ کا ما حصل ملا ہر کسی کی دعا مکمل ہوئی کوئی ولی ہوا کوئی صالح ہوا کوئی امام ہوا کوئی درد دل کی دوا لے رہا کوئی دائمی دکھوں کا مداوا حاصل کر رہا سرکار مدار کی آمد آمد کا حال علامہ محمود مداری کو ہوا علامہ محمود مداری کمال کے عالم ہوئے اور عامل ہوئے سرکار مدار کی آمد کے حال سے مطلع ہو کر سرکار مدار کے گرد آئے اور ہم کلام ہوئے اور معاملہ صمدی، آلا راسی اور راہ محمدی کے ہر مسئلہ سے آگاہی حاصل کی گا ہے گا ہے حائز ہو گئے گا ہے گا ہے لاکلام ہوئے گا ہے گا ہے لاسوال ہوئے۔ علامہ محمود مداری سرکار مدار کے گرد گھومے اور سلسلہ مدار کے داعی ہوئے اور اہم عہد حاصل کر کے داعی سلسلہ ہو گئے علامہ محمود مداری سرکار مدار سے طرح طرح کے سوال کر کے علمی دھاک سے لوگوں کو آسودہ کر رہے مگر مدار ہے کہ ہر سوال کا حل۔ علامہ محمود مداری اس طرح لاسوال ہوئے کہ آگے سوال کے موقع کہاں رہے۔ رحم و کرم کی گھٹا اٹھی اور اس کی ہوا سے احساس محرومی مٹی دم مدار کی صدا گردوں کی سطح سے ٹکرائی اور مرادوں کی گرہ کھلی دوسری سو اسی مصر کا ملک لا ولد ملا عرصہ طول سے اولاد سے محرومی کے کوہ ہائے گراں سر سے اٹھائے احساس محرومی اس کا حصہ ہو گئی۔ اس کو لوگوں سے معلوم ہوا کہ سرکار مدار کی درگاہ کرم سے مدعا ملے گا اولاد کا سرور ملے گا اور گھر اداسی سے دور رہے گا اور گھر اولاد سے معمور رہے گا اس لئے اٹھو اور سرکار مدار سے دعا کرا کے مدعا حاصل کر دوہ ملک سرکار مدار کی درگاہ کرم سے آلگا اور سارا معاملہ رو رو کر کہہ ڈالا سرکار مدار ہم کو ملک و مال ملا علم و کمال ملا ہر محال و لا محال ملا مگر اولاد کے الم سے دل ٹکڑے ٹکڑے ہے سرکار روالا

(۱) علامہ محمود الدین کنتوری (۲) کنتور۔

کرم ہو ہم کو اولادِ صالح عطا ہو سرکار مدار دعا گو ہوئے اللہ کے کرم کے سائے ہر سو سے گھر گئے اور کرم وعطا کی ہوا آئی اور ہر سو مرادوں کی کلی کھل گئی اداسی کی گرہ کھلی اور احساس دور ہوا سرور و دل لگی کا سماں ہر سو ہوا اس ملک کو اولاد عطا ہوئی وہ حد سے سوا مسرور ہوا اور کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ کر مسلم ہوا اسلام کے عسکر کا مرد ہوا عسکری ہوا اور سرکار مدار کے سلسلہ کا داعی ہو کر ہمراہ ہوا۔

علامہ محمود کا مکالمہ

